حکومتِ پاکستان

ریونیوڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد، بتاریخ 23 دسمبر، 2025

## نوٹیفکیشن

SRO-2485(I)/2025—ان لینڈ ریونیو ریوارڈ قواعد، 2021 میں مزید ترامیم کا مندرجہ ذیل مسودہ، جسے فیڈرل بورڈ آف ریونیو انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (XLIX of 2001) کی دفعہ 227 A اور دفعہ B227، سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کی دفعہ 72 C اور D72، فیڈرل ایکسائز ایکٹ، 2005 کی دفعہ 42 C اور 42 D اور اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری (ٹیکس آن سروسز) آرڈیننس، 2001 (XLII of 2001) کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے کرنا چاہتا ہے، اس کے ذریعے ان تمام افراد کی معلومات کے لیے شائع کیا جاتا ہے جو اس سے متاثر ہونے کے امکان رکھتے ہیں۔

اور چونکہ انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (XLIX of 2001) کی دفعہ 237 کی ذیلی دفعہ (3) کے تحت یہ لازم ہے، اس لیے اس کے ذریعے اطلاع دی جاتی ہے کہ اس مسودہ نوٹیفکیشن پر اعتراضات یا تجاویز (اگر کوئی ہوں) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے غور وخوض کے لیے، اس مسودہ نوٹیفکیشن کی سرکاری گزٹ میں اشاعت کے سات دن کے اندر ارسال کی جاسکتی ہیں۔ مذکورہ مدت کے اختتام سے قبل کسی بھی شخص کی جانب سے موصول ہونے والے تمام اعتراضات یا تجاویز کو بورڈ کی جانب سے زیر غور لایا جائے گا۔

### مسودہ ترمیم

مذکورہ بالا قواعد میں، قاعدہ 6 میں، شق (ii) کے بدلے درج ذیل شق شامل کی جائے گی، یعنی:—

(ii) "کسی بھی ملازم کے لئے شاندار خدمات کے عوض انعام کی رقم مالی سال کے دوران چوبیس (24) تنخواہوں سے زیادہ نہیں ہو گی۔"

[4(44)Rand S/2016 Part File]

(محمد امین قریشی)

سیکریٹری (قواعد وایس آر اوز)